# سمعی مہارت کی مشقیں

## مشق 18

### متن

منیرہ باسکٹ بال کھیلتی ہے۔ وہ بہت ماہر کھلاڑی ہے اور ساتھی کھلاڑیوں کے ساتھ اس کی ہم آہنگی بہت اچھی ہے۔ آج منیرہ کے اسکول کی ٹیم کا مقابلہ ایک دوسرے اسکول کی ٹیم سے ہے۔ شروع ہی سے بہت دلچسپ مقابلہ ہو رہا ہے۔ منیرہ اپنی ساتھی کھلاڑی کی طرف دیکھتی ہے اور ساتھی اسے گیند پاس کرتی ہے۔ وہ مخالف ٹیم کے کورٹ کی طرف تیزی سے دوڑتی ہے۔ اس کے لیے بہت پھرتی کی ضرورت ہوتی ہے۔ جب منیرہ گیند کو باسکٹ میں ڈالتی ہے تو اس کی ٹیم بہت خوش ہوتی ہے۔ سب اسے گلے لگاتے ہیں اور اس کا نام زور سے پکارتے ہیں۔ تماشائی بھی خوشی سے داد دیتے ہیں، "واہ! شاباش"!

### سوالات

**سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (۱۰)**

منیرہ باسکٹ _____ کھیلتی ہے۔ وہ بہت _____ کھلاڑی ہے اور ساتھی کھلاڑیوں کے ساتھ اس کی ہم آہنگی بہت اچھی ہے۔ آج منیرہ کے اسکول کی ٹیم کا _____ ایک دوسرے اسکول کی ٹیم سے ہے۔ _____ ہی سے بہت دلچسپ مقابلہ ہو رہا ہے۔ منیرہ اپنی ساتھی کھلاڑی کی طرف دیکھتی ہے اور ساتھی اسے گیند پاس کرتی ہے۔ وہ مخالف ٹیم کے کورٹ کی طرف تیزی سے _____ ہے۔ اس کے لیے بہت پھرتی کی _____ ہوتی ہے۔ جب منیرہ گیند کو باسکٹ میں _____ ہے تو اس کی ٹیم بہت خوش ہوتی ہے۔ سب اسے _____ لگاتے ہیں اور اس کا نام زور سے _____ ہیں۔ تماشائی بھی خوشی سے _____ دیتے ہیں، "واہ! شاباش"!

**سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے۔ (۱۰)**

۱۔ منیرہ _____ بال کھیلتی ہے۔

فٹ　　　　باسکٹ　　　　تھرو

۲۔ وہ بہت ماہر _____ ہے۔

لڑکی طالبہ کھلاڑی

۳۔ ساتھی کھلاڑیوں کے ساتھ اس کی ______ بہت اچھی ہے۔

دوستی ہم آہنگی بات

۴۔ آج منیرہ کے اسکول کی ٹیم کا ______ ایک دوسرے اسکول کی ٹیم سے ہے۔

مقابلہ میچ امتحان

۵۔ شروع ہی سے بہت _______ مقابلہ ہو رہا ہے۔

نیا بڑا دلچسپ

۶۔ منیرہ اپنی ساتھی ______کی طرف دیکھتی ہے۔

ٹیم کھلاڑی لڑکی

۷۔ وہ _______ ٹیم کے کورٹ کی طرف تیزی سے دوڑتی ہے۔

پرانی اپنی مخالف

۸۔ اس کے لیے بہت ______ کی ضرورت ہوتی ہے۔

پھرتی عقل دوستی

۹۔ جب منیرہ گیند کو باسکٹ میں ______ ہے تو اس کی ٹیم بہت خوش ہوتی ہے۔

اچھالتی نکالتی ڈالتی

۱۰۔ تماشائی بھی خوشی سے داد دیتے ہیں، "واہ! _____"!

دیکھو شاباش ارے

## سننے کی مشق کے بعد بات چیت

کیا آپ کے اسکول میں کسی کھیل کی ٹیم موجود ہے؟ کون سا کھیل؟ تفصیل بتائیے۔

اگر اسکول میں کسی کھیل کی ٹیم بنانے کے لیے آپ سے رائے لی جائے تو آپ کیا کہیں گے / گی؟

*************************************